میڈیا آفس
حزب التحریر
ولایہ پاکستان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

﴿وَعَدَ اللَّهُ الَّذِينَ آمَنُوا مِنكُمْ وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَيَسْتَخْلِفَنَّهُمْ فِي الْأَرْضِ كَمَا اسْتَخْلَفَ الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ وَلَيُمَكِّنَنَّ لَهُمْ دِينَهُمُ الَّذِي ارْتَضَىٰ لَهُمْ وَلَيُبَدِّلَنَّهُم مِّن بَعْدِ خَوْفِهِمْ أَمْنًا يَعْبُدُونَنِي لَا يُشْرِكُونَ بِي شَيْئًا وَمَن كَفَرَ بَعْدَ ذَٰلِكَ فَأُولَٰئِكَ هُمُ الْفَاسِقُونَ﴾

حزب التحریر
HIZB UT TAHRIR

ہفتہ، 09 شعبان، 1438ھ | 06/05/2017 | نمبر: PR17029

امریکہ کی موجودگی پاک افغان کشیدگی کا باعث ہے

بھارت کی مضبوطی کے لیے پاکستان وافغانستان کے مسلمانوں کے درمیان نفرتیں پیدا کی جارہی ہیں

جمعہ 5 مئی 2017 کو افغان فورسز نے پاک افغان سرحد پر چمن کے مقام پر مقامی گاوں پر فائرنگ اور بمباری کی جس کے نتیجے میں کم از کم 12 افراد جاں بحق، جن میں دو خواتین اور چار بچے بھی شامل ہیں، اور 10 افراد زخمی ہوگئے۔ پاکستان نے ردعمل کے طور پر فوراً چمن اور طورخم کے مقام پر سرحد تا حکم ثانی بند کر دی۔ افغان حکومت نے بعد میں یہ کہا کہ حملہ ایک غلطی تھی لیکن دو مسلم ممالک کے درمیان موجود مسلسل کشیدگی کی موجودگی میں اس قسم کی "غلطیوں" کا ہونا لازمی امر ہے۔ لہٰذا حزب التحریر ولایہ پاکستان مسلمانوں سے یہ کہتی ہے کہ وہ اپنے غم وغصے کا نشانہ امریکہ کو بنائیں کیونکہ ان کے درمیان کشیدگی کا ماحول پیدا کرنے والا اصل مجرم امریکہ ہے اور وہی پاکستان اور افغانستان کی دونوں حکومتوں کا آقا بھی ہے۔

پاکستان وافغانستان کے مسلمان برطانوی استعمار کی جانب سے کھینچی جانے والے ڈیورنڈ لائن کے باوجود ایک دوسرے سے کبھی بھی حقیقی معنوں میں جدا نہیں ہوئے۔ دونوں جانب کے مسلمان ایک دوسرے سے نہ صرف اسلام کے مضبوط رشتے میں جڑے ہوئے ہیں بلکہ ان کے درمیان مضبوط معاشی و سماجی تعلقات آج بھی موجود ہیں۔ پاکستان کے افغانستان کے ساتھ اس خصوصی تعلق کی وجہ سے خطے میں بھارت کبھی بالادستی حاصل نہیں کرسکتا۔ لیکن اب خطے میں بھارت کی بالادستی امریکہ کی ضرورت ہے تاکہ چین اور اسلامی احیاء کے خلاف اسے استعمال کرسکے۔ لہٰذا بھارتی بالادستی اسی صورت ممکن ہے اگر پاکستان و افغانستان کے مسلمانوں کو ایک دوسرے کا دشمن بنادیا جائے۔

چونکہ افغانستان میں امریکہ بذات خود موجود ہے اور افغان حکومت اس کی کٹھ پتلی ہے لہٰذا اُس نے پاکستان کے خلاف نفرت ودشمنی اور بھارت سے گرم جوشی پر مبنی تعلقات کے فروغ کے لیے ماحول بنایا۔ پاکستان کے حکمران امریکی ایجنٹ ہیں، لہٰذا وہ ان حملوں کے اصل مجرم اور ماسٹر مائینڈ امریکہ کی مذمت نہیں کرتے۔ وہ اپنے چیلوں کے ذریعے افغان مخالف جذبات کو پروان چڑھاتے ہیں اور پاک افغان سرحد کو بند کردیتے ہیں جس کے نتیجے میں دونوں جانب رہنے والے مسلمان شدید مصائب اور پریشانیوں کا شکار ہوجاتے ہیں۔

پاکستان وافغانستان کے مسلمانوں کو یہ جان لینا چاہیے کہ اُن کا اصل دشمن امریکہ ہے جو خطے میں مسلمانوں کی طاقت کو کمزور کرکے کافر بھارت کو مضبوط کرنے کی کوشش کررہا ہے اور پاکستان و افغانستان میں موجود امریکی ایجنٹ اس کوشش کو کامیاب بنانے کے لیے بھرپور معاونت فراہم کررہے ہیں۔ جارحیت اور کشیدگی کے خاتمے کے لیے ضروری ہے کہ پاکستان وافغانستان کے مسلمان ڈیورنڈ لائن کو مٹا کر نبوت کے طریقے پر خلافت قائم کرکے اس کے جھنڈے تلے ایک ریاست بن جائیں۔ اس کے بعد ہمارے دشمنوں کے پاس پاکستان و افغانستان کے مسلمانوں کے درمیان نفرتیں پیدا کرنے کے لیے اسباب کا خاتمہ ہوجائے گا اور ہماری یکجا و متحد قوت خطے میں امریکہ وبھارتی منصوبوں کو پاش پاش کردے گی۔

وَٱعْتَصِمُواْ بِحَبْلِ ٱللَّهِ جَمِيعاً وَلاَ تَفَرَّقُواْ وَٱذْكُرُواْ نِعْمَةَ ٱللَّهِ عَلَيْكُمْ إِذْ كُنْتُمْ أَعْدَآءً فَأَلَّفَ بَيْنَ قُلُوبِكُمْ فَأَصْبَحْتُمْ بِنِعْمَتِهِ إِخْوَاناً وَكُنْتُمْ عَلَىٰ شَفَا حُفْرَةٍ مِّنَ ٱلنَّارِ فَأَنقَذَكُمْ مِّنْهَا كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ ٱللَّهُ لَكُمْ آيَاتِهِ لَعَلَّكُمْ تَهْتَدُونَ

"اور تم سب مل کر اللہ کی رسی کو مضبوطی سے تھامے رہنا اور متفرق مت ہوجانا۔ اور اللہ کی اس مہربانی کو یاد کرو جو اللہ نے تم پر کی جب تم ایک دوسرے کے دشمن تھے تو اللہ نے تمہارے دلوں میں محبت ڈال دی اور تم اس کے فضل سے بھائی بھائی بن گئے۔ اور تم آگ کے گڑھے کے کنارے تک پہنچ چکے تھے تو اللہ نے تمہیں بچالیا۔ اسی طرح اللہ تمہارے لیے اپنی نشانیاں کھول کھول کر بیان کرتا ہے تاکہ تم ہدایت حاصل کرو" (آل عمران: 103)

ولایہ پاکستان میں حزب التحریر کا میڈیا آفس

ویب: www.hizb-pakistan.com http://HizbPK.page.tl یوٹیوب: http://YouTube.com/HTmediaPAK
ای میل: HTmediaPAK@gmail.com فیس بک: https://Facebook.com/HTmediaPAK4
ٹوئٹر: http://Twitter.com/HTmediaPAK ڈیلی موشن: https://DailyMotion.com/HTmediaPAK
حزب التحریر آفیشل ویب پیج: http://www.hizb-ut-tahrir.org
حزب التحریر میڈیا آفس ویب پیج: http://www.hizb-ut-tahrir.info